NPR-300 email: dailygreaterthal@gmail.com

ہر خبر سچائی کے ساتھ ● علاقہ تھل کا کثیر الاشاعت اخبار | ABC CERTIFED | با قاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY GREATER THAL BHAKAR

روزنامہ گریٹر تھل بھکر

ایڈیٹر؛ محمد ارقم یار اولکھ

جلد:13 | بدھ 24 ستمبر 2025ء، 25 ربیع الاول 1447ھ، 10 اسوج قیمت: 20 روپے | شمارہ 137

لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے شفقت علی

آج کے دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں، کھلی کچہری سے خطاب

بھکر (یونس اولکھ سے) شفقت علی ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹریٹ علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کی ضلع بھکر میں صوبائی محتسب آفس ضلع بھکر میں او سی آر پروگرام کا دورہ۔ وفاقی محتسب علاقائی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان کے ڈپٹی رجسٹرار جناب شفقت علی نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ضلع بھکر کا دورہ کیا اور صوبائی محتسب آفس بھکر میں 23 ستمبر 2025 بروز منگل دن 10 بجے OCR پروگرام کے کیسز برخلاف واپڈا فیسکو بھکر، سوئی گیس، اسٹیٹ لائف انشورنس کمپنی، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور دیگر محکموں کیخلاف سنگیے۔ جس پر ڈپٹی رجسٹرار وفاقی محتسب نے متعلقہ اداروں کے افسران کو احکامات صادر کر کے موقعہ پر ہی ریلیف مہیا کیا۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کے حکم سے دور دراز علاقوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے ساتھ ساتھ متعلقہ محکموں کے دفاتر کی انسپکشن بھی کر رہے ہیں اور لوگوں کی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دورے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ شہریوں کو سرکاری افسران تک رسائی ممکن ہو سکے تاکہ تمام لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہو سکیں۔ اس ضمن میں انہوں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کرتے ہوئیکہا کہ آئندہ عوام کے مسائل پر کسی قسم کی کوتاہی اور سستی برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام نے وفاقی محتسب کے اس اقدام کو سراہا۔